**15-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ شمیم احمد

---

**Music**

---

1 اب جبکہ لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کیلئے تین دن باقی رہ گئے ہیں، انتخابی مہم عروج پر ہے۔ سینئر سیاسی لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔

2 وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کہا کہ ایک ملک، ایک انتخاب کو نافذ کرنا، اُن کی حکومت کا وعدہ ہے۔

3 بھارت اور فرانس نے دہشت گردوں کے ذریعے نئی اور ابھرتی ٹیکنالوجی کے استعمال سمیت دہشت گردی کے خطرے سے نمٹنے کا تجزیہ کیا۔ نئی دلّی میں انسداد دہشت گردی کے مشترکہ ورکنگ گروپ کی میٹنگ ہوئی۔

4 محکمۂ موسمیات کا کہنا ہے کہ اِس برس ملک میں اوسطاً معمول سے زیادہ مانسون کی بارش ہوگی۔

5 IPL کرکٹ میں رائل چیلنجرس بینگلورو اور سن رائزز حیدرآباد کے درمیان بینگلورو میں میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**LS CAMPAIGN**

لوک سبھا انتخابات کے لیے سیاسی پارٹیوں کے بڑے لیڈر اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کے حق میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج تمل ناڈو میں Tirunelveli میں

ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ NDA حکومت ہمیشہ ہر اعتبار سے ملک کی ترقی کے حق میں رہی ہے۔ اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اپنی حکومت کی جانب سے کی گئی مختلف یقین دہانیوں کا ذکر کیا۔

اتر پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈر اپنے متعلقہ امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسے اور ریلیاں کر رہے ہیں۔

BSP کی سربراہ مایاوتی نے آج مراد آباد اور پیلی بھیت کے بِسال پور میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی منشور جاری کرنے کے بجائے BSP عوام کے مفاد میں کام کرنے میں یقین رکھتی ہے۔ BSP کی سربراہ نے الزام لگایا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی سرمایہ کاروں کی پارٹی ہے۔ سماج وادی پارٹی کو نشانہ بناتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ مذہب اور ذات کے نام پر ریاست کو تقسیم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ BSP کے حق میں ووٹ کریں۔

دوسری جانب سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے آج مظفر نگر میں ایک انتخابی ریلی میں کہا کہ پہلا مرحلہ مغربی اترپردیش میں BJP کا اترپردیش سے صفایہ کر دے گا کیونکہ BJP کے اقتدار کے دوران سبھی طبقات پریشانیوں کا شکار ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ نوجوانوں کو روزگار نہیں مل رہا۔ انہوں نے کہا کہ BJP اب گارنٹی کی بات کر رہی ہے۔ ان کی گارنٹی ناکام ثابت ہوگی۔ جناب یادو نے کہا کہ مرکزی سرکار نے ایک ہی بار میں چار سال کے لیے فوج میں بھرتی پر روک لگا دی۔ اکھلیش یادو نے ڈائل پولیس نمبر کے معاملے میں بھی BJP کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اگر سماج وادی پارٹی اور آئی این ڈی آئی اے اتحاد مرکز میں حکومت کی تشکیل کرتا ہے تو وہ اگنی ویر نظام کو ختم کر دے گا۔

مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس کی سینئر لیڈر اور وزیراعلیٰ ممتا بینرجی نے کوچ بہار پارلیمانی حلقے کے راس لیلا میدان میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

انہوں نے کہا کہ TMC کی حکومت نے عام آدمی کی فلاح و بہبود کے لیے تمام ممکنہ کام کیے ہیں۔ تاہم کوچ بہار ضلعے کے دِنہاٹا میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے BJP لیڈر سوبیندو ادھیکاری نے الزام لگایا کہ وزیراعلیٰ ممتا بینرجی شہریت سے متعلق ترمیمی ایکٹ کے بارے میں مغربی بنگال کے عام آدمی کو گمراہ کر رہی ہیں۔

منی پور میں BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے آج سہ پہر امپھال میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ شمال مشرقی بھارت کی ترقی NDA حکومت کی ترجیح ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت کا مستقبل تابناک تب ہوگا جب شمال مشرقی ریاستیں پوری طرح ترقی یافتہ ہوں گی۔×

## RAHUL WAYANAD

کیرالہ کے Wayanad میں آج ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ ہمارا آئین ایک عزم ہے جو ہمارے عوام کو اور ہماری مختلف روایتوں اور زبانوں کو تحفظ بخشتا ہے اور جو سب کو پرامن طریقے سے رہنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جناب گاندھی نے الزام لگایا کہ وزیراعظم مودی جب ایک ملک، ایک زبان اور ایک لیڈر کہتے ہیں تو وہ ملک کی اس رنگارنگی کو نہیں سمجھتے۔ راہل گاندھی نے مزید کہا کہ کانگریس آئین کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔×

## RAJNATH KATHUA RALLY

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت اپنی سرزمین سے اپنے دشمنوں پر اور لائن آف کنٹرول کے اس پار دشمن کے علاقے میں بھی حملہ کرنے کی طاقت رکھتا ہے، کیونکہ ملک کے پاس دنیا کی بہترین فوجی قوت ہے۔ جموں کے کٹھوعہ ضلع میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت تمام محاذوں پر دنیا کے مضبوط ترین ملک کے طور پر ابھرا ہے۔

ادھم پور پارلیمانی حلقے سے BJP کے امیدوار ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے لیے چناؤ مہم میں حصہ لیتے ہوئے جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ وزیراعظم مودی کی قیادت میں بھارت نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فوجی قوت اور مضبوطی کو دنیا کی بہترین قوتوں میں سے سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جموں و کشمیر میں علاقائی پارٹیاں جیسے نیشنل کانفرنس، PDP اور کانگریس بھی اپنے سیاسی مفادات کے لیے دفعہ 370 کا بیجا استعمال کر رہی ہیں۔ جناب سنگھ نے کہا کہ BJP خواتین کے حقوق کے تحفظ کے تئیں پابند عہد ہے۔ مزید یہ کہ BJP تین کروڑ لکھ پتی بہن جی بنانے کا عزم کیے ہوئے ہے۔×

## SIKKIM ELECTION CAMPAIGN

سکم میں واحد لوک سبھا سیٹ اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کی 32 سیٹوں کے لیے ایک ساتھ انتخابات کے لیے انتخابی مہم پورے زور و شور سے جاری ہے۔ حکمراں سکم کرانتی کاری مورچہ SKM، اپوزیشن پارٹیاں سکم ڈیموکریٹک فرنٹ SDF، BJP، کانگریس اور نئی تشکیل شدہ پارٹی Citizen Action Party ریاست میں اپنے اپنے امیدواروں کے لیے حمایت حاصل کرنے کے سلسلے میں ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں۔ ریاست میں اس ماہ کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔×

## PM INTERVIEW

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ وہ ملک کی ہمہ جہت ترقی کے لیے فیصلے لیتے ہیں۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں بات کرتے ہوئے جناب مودی نے 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کے اپنے تصور کی تفصیلات بیان کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ جب وہ یہ کہتے ہیں کہ ان کے منصوبے بہت بڑے ہیں تو کسی کو بھی ڈرنا نہیں چاہیے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ امنگوں سے بھرپور 2047 وکست بھارت پروجیکٹ پر پچھلے دو سال سے کام جاری ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ ایک ملک ایک انتخاب کو نافذ کرنا ان کی حکومت کا وعدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، جسے ایک ملک ایک انتخاب پر رپورٹ تیار کرنے کی ذمہ داری دی گئی۔ اس کمیٹی کو بہت مثبت اور اختراعی تجاویز موصول ہوئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش کر دی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ اگر رپورٹ پر عمل کیا گیا تو ملک کو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ BJP حکومت کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کے اپوزیشن پارٹیوں کے الزامات کو رد کرتے ہوئے جناب مودی نے بتایا کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے درج کیے گئے سب سے زیادہ معاملات کی تعداد اُن اشخاص اور اداروں کے خلاف ہے جن کا سیاست سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا ایماندار آدمی کو ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن جو لوگ بدعنوانی میں ملوث ہیں انہیں اپنے گناہوں کا خوف ہے۔

الیکٹورل بونڈ کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس کا مقصد انتخابات میں کالے دھن کے استعمال سے لڑنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب اس اسکیم پر ایمانداری سے غور کیا جائے گا تو ہر ایک اپنی منفی سوچ پر شرمندگی محسوس کرے گا۔ ×

## INDIA FRANCE TERRORISM

دہشت گردی پر قابو پانے سے متعلق بھارت- فرانس مشترکہ ورکنگ گروپ کی 16 ویں میٹنگ آج نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے دہشت گردوں کے ذریعے جدید ٹیکنالوجیوں کے استعمال، دہشت گردانہ مقاصد کیلئے انٹرنیٹ کا بیجا استعمال، انتہاپسندی کی طرف راغب کرنے سمیت مختلف دہشت گردانہ چیلنجوں سے نمٹنے کے طریقۂ کار کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق میٹنگ میں بھارت مخالف علیحدگی پسند سرگرمیوں اور دہشت گردی کی مالی اعانت، منظّم جرائم اور منشیات و دہشت گردانہ نیٹ ورک کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔ دونوں ملکوں نے اپنے اپنے خطوں میں دہشت گردی کے خطرات پر نظریات کا تبادلہ بھی کیا۔

اس میں افغانستان-پاکستان خطے میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کے علاوہ جنوبی ایشیا، افریقہ اور مشرقِ وسطیٰ میں سرحد پار دہشت گردانہ سرگرمیوں پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ x

## MILITRY DUSTLIK

بھارت ازبیکستان مشترکہ مشق Dustlik کے پانچویں ایڈیشن میں حصہ لینے کے لیے بھارتی فوج کا دستہ آج ازبیکستان روانہ ہو گیا۔ یہ مشق اس ماہ کی 15 سے 28 تاریخ تک ازبیکستان کے Termez میں منعقد کی جائے گی۔ وزارتِ دفاع کے مطابق بھارتی فوج کے دستے میں 60 جوان شامل ہیں جبکہ ازبیکستان کا دستہ 100 جوانوں پر مشتمل ہے۔ اس مشق کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان فوجی تعاون کو فروغ دینا اور پہاڑی علاقوں نیز نیم شہری خطے میں مشترکہ کاروائیاں انجام دینے کے تعلق سے مشترکہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ مشق دونوں ملکوں کے درمیان بہترین طور طریقوں کے تبادلے اور مختلف ہتھیاروں کے نظام کے استعمال کے عمل میں آسانی پیدا کرے گی۔x

## INDIA AND MAURITUS

بھارت اور ماریشس نے دوہرے ٹیکس سے بچنے کے مقصد سے بھارت میں کی جانے والی سرمایہ کاری کے سلسلے میں جانچ پڑتال میں مزید سختی برتتے ہوئے دوہرے ٹیکس سے بچنے کے اپنے معاہدے DTAA کی ایک اور خامی کو دور کر دیا ہے۔ DTAA سے متعلق ایک نئے ضابطے پر اس سال 7 مارچ کو دستخط کئے گئے۔ تازہ ترین ترمیم میں اس بات کا فیصلہ کرنے کیلئے کہ آیا غیر ملکی سرمایہ کار معاہدے کے فائدوں کا واقعی اہل ہے یا وہ محض ٹیکس سے بچنے کیلئے ماریشش میں سرمایہ کاری کر رہا ہے، اس بات کا فیصلہ کرنے کیلئے بنیادی مقصد کی جانچ یعنی Principal Purpose Test کو شامل کیا گیا ہے۔ x

## SC KEJRIWAL

سپریم کورٹ نے آج دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی عرضداشت پر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کو ایک نوٹس جاری کیا ہے۔ جناب کجریوال نے مبینہ دلی ایکسائز گھوٹالے کے معاملے میں حراست سے اپنی رہائی کی درخواست پیش کی تھی۔ سپریم کورٹ 29 اپریل کو اس معاملے کی ایک بار پھر سماعت کرے گی اور اس نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے جواب کا انتظار کیے گئے بغیر عبوری رہائی کی عرضداشت پر غور و خوض کرنے سے انکار کر دیا۔ ایک اور متعلقہ واقعہ یہ پیش آیا کہ دلی راؤز ایونیو کورٹ نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی عدالتی حراست 23 اپریل تک بڑھا دی ہے۔x

## PAKISTAN RAINS

پاکستان میں گزشتہ 3 دن میں شدید بارش اور بجلی گرنے کے واقعات میں کم سے کم 36 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ مرنے والوں میں بیشتر کسان ہیں۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق، ملک کے جنوب مغربی انتظامیہ نے ہنگامی صورتحال کا اعلان کر دیا ہے۔ پاکستان کے آفات سے نمٹنے کے قومی محکمے نے آئندہ دنوں میں مزید شدید بارش اور بھیانک سیلاب اور چٹانیں کھسکنے کے واقعات کی وارننگ جاری کی ہے۔

وزیر اعظم شہباز شریف نے شہریوں کو یقین دلایا ہے کہ انہوں نے بارش سے متاثرہ خطوں میں راحت اور امداد مہیا کرانے کے لیے حکام کو ہدایت جاری کر دی ہے۔ پاکستان میں موسم کی صورتحال میں شدت کے لیے ماہرین نے آب و ہوا میں تبدیلی کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ وہاں مارچ میں شدید گرم لہر کا سامنا رہا جبکہ اپریل میں شدید بارش ہو رہی ہے۔×

## ARMY CHIEF UZBEKISTAN

فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے آج سے ازبکستان کے چار روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔ وزارت دفاع نے بتایا کہ ان کے دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان باہمی مفاہمت اور دو طرفہ دفاعی تعاون کو مستحکم کرنا ہے۔ وہ ازبکستان میں اعلیٰ دفاعی قیادت کے ساتھ مذاکرات میں شریک ہوں گے، جو مضبوط فوجی تعاون کو فروغ دینے کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ وزارت نے بتایا کہ جنرل منوج پانڈے کے دورے کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری کے نئے مواقع تلاش کرنے کے علاوہ بھارت اور ازبکستان کے درمیان فوجی تعاون کو مضبوط کرنا ہے۔×

## IMD MANSOON

ملک میں اس سال مانسون کی بارش کے معمول سے زیادہ ہونے کا امکان ہے۔ نئی دلّی میں ارضیاتی سائنس کی وزارت میں سکریٹری ڈاکٹر ایم روی چندرن نے جنوب مغربی مانسون کی بارش کے بارے میں پیشگوئی سے میڈیا کو واقف کراتے ہوئے کہا کہ جون سے ستمبر تک مانسون سیزن کی بارش کے 106 فیصد ہونے کا امکان ہے۔ البتہ انھوں نے کہا کہ شمال مغرب کے کچھ علاقوں، مشرق اور شمال مشرقی ریاستوں میں معمول سے کم بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے کے ڈائریکٹر جنرل Mrutyunjay Mahapatra نے کہا کہ یکم جون سے 30 ستمبر تک پورے ملک میں اوسطاً مجموعی بارش 87 سینٹی میٹر ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ ممکن ہے کہ مانسون سیزن کے شروعاتی حصہ کے دوران EL Nino کے حالات کمزور پڑ سکتے ہیں۔ x

## NHAI WORKSHOP

نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا، NHAI نے آج نئی دلّی میں ماحولیات اور جنگلات کی منظوری سمیت ماحول دوست تخفیفی اقدامات سے متعلق ایک روزہ قومی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ ورکشاپ کا مقصد ماحول دوست اقدامات کا استعمال کرتے ہوئے ملک کے قومی شاہراہوں کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے کیلئے ایک مضبوط بنیاد رکھنا ہے۔ پورے ملک میں قومی شاہراہوں کے ماحول دوست بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹ کی منظوری اور تخفیف کی حکمت عملی سے متعلق امور پر توجہ مرکوز کی گئی۔ x

## EARTHQUAKE PAPPUA NEW GUINEA

آج صبح شمالی Papua New Guinea میں چھ اعشاریہ پانچ شدت کا زلزلہ محسوس کیا گیا۔ البتہ زلزلے سے متعلق امریکی محکمے نے کہا کہ سونامی کا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ فوری طور پر کسی طرح کے نقصان کی کوئی مقامی اطلاع نہیں ہے۔ اس خطے میں پچھلے ماہ بھی چھ اعشاریہ 9 شدت کا زلزلہ آیا تھا، جس میں کم سے کم پانچ لوگ ہلاک ہوئے تھے اور تقریباً ایک ہزار مکانات تباہ ہوگئے تھے۔ x

## GRECE POPULATIONS

یونان میں ایک نئی رپورٹ کے مطابق آبادی میں تشویشناک حد تک کمی آئی ہے اور اندیشہ ہے کہ یہ ملک آبادی کی کمی کے بحران کا شکار ہوسکتا ہے۔ رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ صحت مند اور نوجوان افراد میں حرکتِ قلب بند ہونا، اسٹروک، خون کے تکھّے جمنا اور کینسر کے معاملے تیزی سے سامنے آرہے ہیں، جس کے سبب اموات کی شرح میں زبردست اضافہ ہوا ہے۔ x

## IPL CRICKET

IPL کرکٹ میں سن رائزرس حیدر آباد نے رائل چیلنجرس بینگلورو کو جیت کیلئے 288 رن کا نشانہ دیا ہے۔

سن رائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 3 وکٹ پر 287 رن بنائے،جو اب تک کا سب سے زیادہ اسکور ہے۔

سن رائزرس حیدرآباد کیلئے ٹراوِس ہیڈ نے 41 گیندوں پر شاندار 102 رن بنائے۔

اس سے قبل رائل چیلنجرس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆